**14.07.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ شگفتہ یاسمین

**Music**

---

☆ بھارت نے آبنائے ہرمز کے راستے محفوظ اور آزادانہ نقل وحمل کی بات دوہرائی ہے۔ اُس نے محاذ آرائی کے دیرینہ حل کی خاطر ایران اور امریکہ سے ایک بار پھر بات چیت کرنے پر زور دیا ہے۔

☆ بھارت نے کہا ہے کہ پاکستان کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں جاری احتجاج، پاکستان کی جانب سے دہائیوں طویل سلسلے وار استحصال اور بنیادی حقوق کی پامالی کا نتیجہ ہیں۔

☆ بھارت اور برطانیہ کے درمیان جامع اقتصادی تجارتی معاہدہ کل سے نافذ ہوجائے گا۔ اس کے تحت زیادہ تر بھارتی برآمدات کو بغیر ڈیوٹی رسائی فراہم ہوگی۔

☆ انتخابی کمیشن نے ہریانہ اور آندھراپردیش میں ووٹر فہرستوں کی جاری خصوصی تفصیلی نظر ثانی کی مدت میں مزید 10دن کی توسیع کردی ہے۔

☆ فیفا عالمی کپ میں آج رات Texas میں پہلے سیمی فائنل میں فرانس کا مقابلہ اسپین سے ہوگا۔

☆ اور مردوں کے کرکٹ میں برمنگھم میں پہلے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں میزبان انگلینڈ نے بھارت کی جیت کیلئے 259رن کا نشانہ دیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Rev. MEA Briefing***

حکومت نے کہا ہے کہ کمرشل بحری جہازوں پر حملوں اور امریکہ اور ایران کے درمیان ایک بار پھر کشیدگی میں اضافے کے پیش نظر وہ مغربی ایشیا کے واقعات پر قریبی نظر رکھ رہی ہے۔ وزارت خارجہ میں ترجمان رندھیر جیسوال نے آج شام نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے یہ بات دوہرائی کہ بھارت، آبنائے ہرمز کے راستے محفوظ، بلارکاوٹ نقل وحمل اور تجارتی سرگرمیوں کی حمایت کرتا ہے۔

**S/B 2045 Randhir On West Asia**

بھارت نے آج آبنائے ہرمز سے گزرنے کے دوران دو بحری جہازوں **MT Al Bahiyah** اور **M T Mombasa** پر حملوں پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا۔ اِن دونوں بحری جہازوں میں مجموعی طور پر 46افراد سوار

تھے، جن میں 30 بھارتی ملاح بھی شامل ہیں۔جناب جیسوال نے کہا کہ نئی دلّی میں ایران کے سفارتخانے کے مشن کے نائب سربراہ کو آج صبح وزارت کی جانب سے طلب کیا گیا تھا۔

**S/B 2045 Randhir On Casualties**

پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر میں احتجاجوں پر سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب جیسوال نے کہا کہ پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر میں جاری احتجاج، اُن علاقوں میں پاکستان کے دہائیوں سے چلے آرہے سلسلے وار استحصال، بنیادی حقوق فراہم نہ کئے جانے اور انتظامیہ کے ظلم و جبر کا براہِ راست نتیجہ ہیں۔

**S/B 2045New Randhir On PoK**

***with Add India UK FTA***

بھارت اور برطانیہ کے درمیان جامع اقتصادی تجارتی معاہدہ CETA کُل سے نافذ ہوجائے گا۔ اس تاریخی معاہدے کے تحت برطانوی بازار میں 99فیصد محصول تک بھارتی برآمدات کو بغیر ڈیوٹی رسائی حاصل ہوگی۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے کامرس کے سکریٹری راجیش اگروال نے بھارت–برطانیہ جامع اقتصادی تجارتی معاہدے کو یہ کہتے ہوئے بھارت کے تجارتی سفر میں ایک فیصلہ کن سنگ میل قرار دیا کہ یہ دو بڑی معیشتوں کے درمیان مستقبل پر مبنی اقتصادی شراکت داری قائم کرے گا۔x

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بھارت–برطانیہ کے درمیان جامع اقتصادی تجارتی معاہدے کا نفاذ بھارت کے عالمی سطح پر مربوط، لچکدار اور مسابقتی معیشت بننے کے سفر میں ایک اہم قدم ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Aman**

اِس معاہدے کو عوام پر مرکوز معاہدے کے طور پر تیار کیا گیا ہے، جس کے فوائد پورے معاشرے کو حاصل ہوں گے۔ CETA اور DCC کے ایک ساتھ نفاذ سے بھارتی برآمدات کیلئے اہم امکانات پیدا ہوں گے۔ بھارتی برآمدکاروں کو مختلف شعبوں میں برطانیہ کے محصول مکمل طور پر ختم ہونے سے فائدہ ہوگا۔ ڈبہ بند خوراک پر 70فیصد تک، سمندری اشیا پر 21فیصد سے زیادہ، انجینئرنگ سازوسامان اور موٹر گاڑیوں کے کلپرزوں پر تقریباً 18 فیصد، چمڑے اور فٹ ویئر اشیا پر 16فیصد تک، ٹیکسٹائل اور کپڑوں پر تقریباً 12فیصد تک جو محصول تھا وہ بالکل ختم ہوجائے گا۔اس سے برطانیہ کے بازار میں بھارتی برآمدکاروں کی مسابقتی صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہوگا، کسانوں، ماہی گیروں، MSME اور مینوفیکچررس کیلئے نئے امکانات پیدا ہوں گے اور عالمی ویلیو چین میں بھارت کی پوزیشن مستحکم ہوگی۔
دلّی سے امن کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

***Railway Reforms***

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے بڑی پالیسی اصلاح کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب زرعی کھاد،

روایتی بند ڈبّوں کی بجائے خصوصی طور پر ڈیزائن کردہ کنٹینرس کے ذریعے ٹرانسپورٹ کی جائے گی۔ بھارتی ریلویز کی جدید کاری سے متعلق اصلاحات پر آج نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے اڑنے والی راکھ یعنی Fly Ash کے ٹرانسپورٹ میں بھی بڑی اصلاح کا اعلان کیا، جس کے تحت اِسے کھلے ریلوے ویگنس کی بجائے خصوصی طور پر ڈیزائن کردہ کنٹینرز کے ذریعے ٹرانسپورٹ کیا جائے گا۔ ریلوے کے وزیر نے مزید کہا کہ کنٹینر پر مبنی نئے نظام سے لوڈنگ، ٹرانسپورٹ اور اسٹوریج کے دوران ہونے والی آلودگی میں کمی آئے گی۔ جناب ویشنو نے کنٹینر پالیسی کے تحت مربوط لائسنس نظام کا بھی اعلان کیا۔

**S/B: 2045- FF- Vaishnaw-Fly Ash**

## SC Bhojshala

سپریم کورٹ، مدھیہ پردیش کے دھار ضلع کے بھوج شالہ تنازعے کی روزانہ کی بنیاد پر سماعت کرنے پر راضی ہوگیا ہے۔ تاہم بھارت کے چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جوائے مالیہ باگچی اور جسٹس وی موہنا پر مشتمل بینچ نے درخواست گزاروں کی اُس عرضی کو مسترد کردیا، جس میں تنازعے سے پہلے کی صورتحال بحال کرنے کیلئے عبوری حکم جاری کرنے کی درخواست کی گئی تھی۔ پہلے کی صورتحال کے مطابق مسلمانوں کو مقرر کردہ دنوں میں ہندوؤں کی پوجا کے ساتھ ساتھ جمعے کے روز نماز ادا کرنے کی اجازت حاصل تھی۔

بینچ نے ریاست کو حکم دیا ہے کہ وہ مذکورہ آراضی سے متصل ایک کھلی جگہ فراہم کرے تاکہ مسلم فریق جمعے کے روز دوپہر ایک بجے سہ پہر 3 بجے تک جمعے کی نماز ادا کرسکے۔ بینچ نے واضح کیا کہ یہ انتظام عارضی بنیادوں پر ہے، جب تک کہ معاملے کا حتمی فیصلہ نہیں ہوجاتا۔

بینچ نے دونوں فریقوں سے تحمل برتنے کی اپیل کی اور اِس معاملے کو انتہائی حساس قرار دیا۔ سپریم کورٹ، مدھیہ پردیش ہائی کورٹ کے حکم نامے کو چیلنج کرنے والی کئی اپیلوں کی سماعت کر رہی تھی۔ مدھیہ پردیش ہائی کورٹ نے اپنے حکم نامے میں کہا تھا کہ متنازعہ بھوج شالہ کمپلیکس، سرسوتی دیوی کا مندر تھا۔ ہائی کورٹ نے بھوج شالہ کمپلیکس میں نماز ادا کرنے پر بھی پابندی عائد کر دی تھی۔ x

## BRICS Labouur Meeting

بھارت کل سے حیدرآباد میں محنت اور روزگار کے برکس وزراء کی بارہویں میٹنگ کی میزبانی کرے گا۔ اِس دورہ روزہ میٹنگ میں برکس رکن ممالک کے محنت اور روزگار کے وزراء اور سینئر افسران یکجا ہوں گے۔ بھارت کی برکس صدارت، جس کا عنوان ہے: لچک، جدت طرازی، اشتراک اور پائیداریت کی تعمیر کے تحت یہ اجتماع ہوگا۔ محنت اور روزگار کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اس دوران وزراء، سماجی تحفظ کو فروغ دینے، محنت کی منڈیوں کو باضابطہ شکل دینے، خواتین کی شمولیت کو بڑھانے اور افرادی قوت میں انہیں شامل کرنے سمیت چار ترجیحی موضوعات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ میٹنگ کے دوران روزگار ورکنگ گروپ کے ذریعے تیار کردہ ڈرافٹ اعلامیے کو غور و خوض کے بعد اپنایا جائے گا۔

اِس اعلامیے کا مقصد برکس ممالک میں محنت کے بازار کی پالیسیوں، محنت کشوں کی بہبود، ہنرمندی کے فروغ اور شمولیاتی روزگار پر تعاون کو تقویت دینا ہے۔ اِس کے علاوہ اعلامیے کا مقصد کام کی بدلتی دنیا میں لچک اور پائیدار ترقی کو فروغ دینا بھی ہے۔ x

## Mandaviya BRICS Forum

محنت اور روزگار کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت، نوجوانوں کے ہنر کو مؤثر طریقے سے نکھار سکتی ہے۔ حیدرآباد میں برکس ٹریڈ یونین فورم سمٹ سے مہمانِ خصوصی کے طور پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مانڈویہ نے اسکل انڈیا مشن کے تحت سماجی تحفظ پہل کے مختلف حکومتی اقدامات اور پروگراموں کو نمایاں کیا۔ x

## EC SIR Andhra Haryana

انتخابی کمیشن نے ہریانہ اور آندھرا پردیش میں جاری ووٹر فہرستوں کی خصوصی نظرثانی، SIR کی مدت میں 10دن کا اضافہ کر دیا ہے۔ کمیشن کے نئے شیڈول کے مطابق ہریانہ اور آندھرا پردیش میں بوتھ لیول افسران، BLO اب اِس مہینے کے 24 تاریخ تک گھر–گھر جائیں گے۔

اِس سے پہلے یہ مدت، آج 14 جولائی کو ختم ہو رہی تھی۔ کمیشن نے کہا ہے کہ انتخابی فہرستوں کا مسودہ 31جولائی کو شائع کیا جائے گا، جبکہ حتمی ووٹر فہرست کی اشاعت، 3اکتوبر کو ہوگی۔ انتخابی کمیشن نے یہ بھی اطلاع دی ہے کہ دونوں ریاستوں میں 31جولائی سے 30اگست کے درمیان دعوے اور اعتراضات داخل کیے جاسکتے ہیں۔x

## Guj Ram Mohan Naidu

شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ Dholera بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر تین ماہ میں کام کاج شروع ہوجائے گا۔ پروجیکٹ کی پیشرفت کا جائزہ لینے کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزیرموصوف نے کہا کہ اِس پروجیکٹ کا 80فیصد کام مکمل ہوچکا ہے اور حکومت کا مقصد آئندہ تین ماہ میں ٹرمنل کی تعمیر کے بقیہ کام کو مکمل کرنا اور لازمی لائسنس حاصل کرنا ہے تا کہ پروازوں کا آغاز کیا جاسکے۔x

## PM Ramachandra

وزیر اعظم نریندر مودی نے BJP کے سینئر لیڈر رام چندر Gowda کے انتقال پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے جناب Gowda کو کرناٹک میں BJP کا ایک اہم ستون قرار دیا، جنھوں نے زمینی سطح پر پارٹی کو مستحکم کرنے اور پارٹی ورکروں کی نسلوں کو تیار کرنے میں اپنی زندگی وقف کردی۔ جناب مودی نے سوگوار کنبے اور اُن کے حامیوں سے بھی دلی تعزیت کا اظہار کیا۔x

## India Maldives

باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کو وسعت دینے کی جانب ایک اہم قدم کے تحت بھارت–مالدیپ آزاد تجارتی معاہدے کیلئے بات چیت کا پہلا دور کامیابی کے ساتھ مکمل ہوگیا۔ یہ بات چیت گذشتہ ہفتے ورچوئل طور پر ہوئی تھی۔ کامرس اور تجارت کی وزارت نے کہا ہے کہ طرفین نے بات چیت کے سبھی پہلوؤں پر خاطر خواہ پیشرفت کی ہے اور مختلف معاملات پر وسیع تر اتفاق ہوا ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کَل تک اڈیشہ میں کہیں کہیں شدید سے بہت شدید اور کہیں انتہائی شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اس نے مزید کہا ہے کہ کَل تک بہار میں شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ آئندہ دو روز کے دوران ملک کے شمال مشرقی حصے، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ اور مغربی بنگال میں بھی اِسی طرح کا موسم رہے گا۔

موسمیات کے محکمے نے کَل تک انڈومان نکوبار جزائر، گنگائی کی ترائی والے مغربی بنگال، جموں وکشمیر، لداخ، آندھراپردیش، کرناٹک، کیرالم، ماہے اور تلنگانہ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹا پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ آئندہ دو روز میں کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، مراٹھواڑہ اور اتراکھنڈ میں بھی اِسی طرح کی صورتحال رہے گی۔ اِس دوران، ساحلی آندھراپردیش، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں کَل تک تیز گرمی رہے گی۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے دو روز تک دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب اور اترپردیش میں گرمی اور حبس کا موسم رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

## Ukraine Russia Attacks

یوکرین کی فضائیہ نے کہا ہے کہ اُس کے فضائی دفاعی نظام نے رات بھر چلے سلسلے وار حملوں کی لہر کے دوران پانچ روسی بیلسٹک میزائلوں کا پتہ لگایا اور انہیں ناکام کیا۔ حالانکہ دیگر کئی میزائل اور ڈرونز، دفاعی نظام میں سرایت کرنے میں کامیاب رہے اور انہوں نے راجدھانی کیف کو نشانہ بنایا۔ یوکرین کی فضائیہ کے مطابق ایک بیلسٹک میزائل اور 25 ڈرونز نے ملک بھر میں 17 مقامات کو نشانہ بنایا، جن سے ملبے کے گرنے کی بھی رپورٹ ہے۔

کیف میں حملوں کی وجہ سے دو گوداموں میں آگ لگ گئی اور ایک اسکول کو نقصان پہنچا۔ یوکرین کے صدر وولودیمیر زلینسکی، جو کہ فرانس کی سالانہ Bastille Day تقریبات میں شرکت کے بعد سے پیرس میں ہیں، نے کہا کہ یوکرین اور اُس کے بین الاقوامی ساجھیدار، اگلے ایک سال کے اندر مشترکہ طور پر کم لاگت والے اور بڑے پیمانے پر تیار کیے جاسکنے والے فضائی دفاعی نظام تیار کرسکتے ہیں۔ اِس دوران روس کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ اِن حملوں میں کیف میں واقع فوجی مینوفیکچرنگ مراکز کو نشانہ بنایا گیا، جو لمبی دوری کی میزائلیں اور ڈرونز تیار کر رہے ہیں۔ x

## FIFA World Cup

فیفا عالمی کپ میں آج رات امریکہ کے ٹیکساس کے **Dallas** اسٹیڈیم میں پہلے سیمی فائنل میں فرانس کا مقابلہ اسپین سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے بارہ بجے شروع ہوگا۔ یہ میچ جیت کر فرانس لگاتار تیسری مرتبہ فیفا عالمی کپ کے فائنل میں پہنچنے کی کوشش کرے گا۔

دوسری جانب اسپین، سال **2010** میں ٹرافی جیتنے کے بعد پہلی مرتبہ فائنل میں پہنچنے کی بھر پور کوشش کرے گا۔**x**

## Cricket India Engl Target

کرکٹ میں برمنگھم کے **Edgbaston** میں کھیلے جارہے تین ایک روزہ بین الاقوامی سیریز کے پہلے میچ میں انگلینڈ نے بھارت کے سامنے جیت کیلئے **259** رن کا نشانہ رکھا ہے۔ جواب میں آخری خبریں ملنے تک بھارت نے **22** اوورز میں **2** وکٹ کے نقصان پر **129** رن بنا لئے ہیں۔

اِس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے انگلینڈ نے **47** اوورز اور پانچ گیندوں میں **258** رن بنائے۔

انگلینڈ کی جانب سے **Joe Root** نے سب سے زیادہ **76** رن، جبکہ **Liam Dawson** نے **68** رن بنائے۔

بھارت کی جانب سے اکشر پٹیل نے **4** وکٹ لئے۔

شبھمن گل کی قیادت والی بھارتی ٹیم کو آزمودہ کار کھلاڑیوں روہت شرما اور وراٹ کوہلی کی واپسی سے مزید تقویت ملے گی۔ دونوں کھلاڑیوں نے ٹی ٹوئنٹی اور ٹیسٹ کرکٹ سے سبکدوش ہونے کے بعد خود کو ایک روزہ بین الاقوامی مقابلوں پر مرکوز کر دیا ہے۔ **x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆